www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



تمہید میں بیان کرتے ہیں کہ مسلمان کہلانے والے ہزار ہا کی تعداد میں عیسائیت و دہریت اختیار کر کے اسلام سے مرتد ہو رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ اسلام کی حقیقت سے ناآشنا اور عیسائیت کی حقیقت سے ناواقف ہونے کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں۔ ہر بہی خواہ اسلام کا فرض ہے کہ ایسے مسلمانوں کو اسلامی تعلیم کی برتری اور عیسائیت کی حقیقت سے روشناس کرانے کے لیے کوشش کرے۔" اسی مقصد کے پیش نظر مصنف نے یہ کتابچہ تحریر کیا ہے تاکہ تحقیق سے ثابت کر دیا جائے کہ عیسائیت کی بنیاد جن کتابوں پر ہے یا جن کتب کو عیسائی الہامی اور خدا کا کلام مانتے ہیں وہ خدا کا کلام نہیں۔

فاضل مضمون نگار نے نہایت ٹھوس دلائل سے موجودہ اناجیل اور بائیبل (من حیث المجموع) کو انہی کتب کے تضادات اور عیسائی حضرات کے بیانات سے کلام غیر الٰہی ثابت کیا ہے۔ تبلیغی اور تحقیقی لحاظ سے یہ کتاب گراں قدر ہے۔ ضرورت ہے کہ اس کتاب کے تراجم مختلف زبانوں میں کیے جائیں اور مختلف ممالک میں اس کی اشاعت کا انتظام و اہتمام کیا جائے۔

نام کتاب: عیسائی صاحبان کے سوالات کے جوابات مصنف: مبلغ اسلام محمد امین (سابق جھنگا پادری)

ضخامت ۱۰۸ صفحات — قیمت: ۵۰ پیسے ناشر: عوامی اسلامک مشن سول لائن لاہور

اس کتاب میں ان سترہ سوالوں کے جواب دیے گئے ہیں جو عام طور پر عیسائیوں کی طرف سے کیے جاتے ہیں۔ ان سطحی قسم کے سوالوں کا جواب بڑے دلکش اور دلچسپ انداز میں دیا گیا ہے مثلاً سوال ہے: "مسیح مردوں کو زندہ کرتے تھے، یہی ان کے ابن اللہ ہونے کی کافی دلیل ہے۔" اس کا جواب یوں دیا گیا ہے: "عصائے موسوی کا معجزہ مُردوں کے زندہ کرنے کے معجزہ سے کہیں بڑھ کر ہے کیونکہ مردہ انسان کا تمام ڈھانچہ تو موجود ہوتا ہے صرف روح کی کمی ہوتی ہے جس کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام قم باذن اللہ کہہ کر پورا فرمادیا کرتے تھے۔ لیکن ایک سوکھی لکڑی کا اول سانپ کا جسم میں تبدیل ہونا پھر اس میں جان کا پڑ جانا اس معجزہ سے اعلیٰ و ارفع ہے۔" ——— ایک دوسرا سوال ملاحظہ ہو: "مسیح بغیر باپ کے بطور اعجاز پیدا ہوئے، کیا اور کوئی نبی ایسا ہوا ہے؟" ——— اس کا جواب یوں لکھا ہے: "آدم علیہ السلام کی پیدائش جو بغیر ماں اور باپ کے ہوئی۔ مسیح کی پیدائش سے بڑھ کر اعجاز ہے حضرت مسیح کی کم از کم والدہ تو موجود تھیں" ——— ایسے جوابات بعض اوقات اعلیٰ علمی مباحث سے زیادہ کارگر ہوتے ہیں۔ یہ کتاب محمد امین صاحب کی ذہانت، نکتہ رس طبیعت اور حاضر جوابی کا بہترین نمونہ ہے۔

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ